Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ ذیقعدہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۱۹ء | جلد ۳۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر ڈاکٹر اے۔ کے سین	۱
۲	رخصت نائب دیوان الصدر	۱
۳	تبادلہ ڈاکٹر شفاخانہ بلاسپور و سوار	۲
۴	بحالی محبوب شاہ وفات سب انسپکٹر	۲
۵	ترقی عہدہ مع اضافہ احمد نبی خان ہیڈ کانسٹبل	۲
۶	منظوری استعفا سید وحید حسن	۲
۷	ترقی عہدہ مع اضافہ سید عزت حسین	۲
۸	رخصت نائب محافظ دفتر دیوانی	۲
۹	مزید رخصت محرر جزو دستیل	۲
۱۰	منصرم کار میش خانہ	۲
۱۱	رخصت سید محمد حسن مستحفظ کتب خانہ	۲
۱۲	نقشہ حیات۔ نقشہ بارش۔ نقشہ نرخنامہ اجناس	۲ ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس اجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۲۹ جولائی ۱۹۱۹ء

ثبتہ عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ بربنائے رپورٹ اسسٹنٹ سرجن صاحب ڈاکٹر اے۔ کے سین ساکن بنگال کا تقرر بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار بجائے بابو بلال شفیقہ شفاخانہ ستی برنج منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۳۰ جولائی ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ دیوان الصدر رخصت مزید پندرہ یوم منشی محمد علیخان نائب دیوان الصدر بوجہ علالت منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

تبادل

۴ر اگست سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تحریر اسسٹنٹ سرجن صاحب ڈاکٹر محمد بخش سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ شفاخانہ ملاپور و ڈاکٹر عاشق علی سب اسسٹنٹ سرجن متعینہ شفاخانہ سوار بہ تنخواہ خود باہم تبدیل کئے گئے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بحالی

۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس محبوب شاہ خان سب انسپکٹر (جو بوجہ کرنے مارپیٹ کے بہ ہدایت علی خان ملازم فرسٹ بٹالین ملزم بمقدمہ سرکار بنام مدعی سکنہ درگو نگڑہ جرم دفعہ ۳۲۹ الزام ۲۴ معطل تھے) بحال کئے گئے۔

ترقی

۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب منشاء حکم بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم و سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس تقرر سے احمد نبی خان ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار پچیس روپیہ ماہوار کا باضافہ پانچ روپیہ ماہوار بعہدہ سب انسپکٹری بجائے سجاد حسین سب انسپکٹر متوفی منظور کیا گیا۔

استعفا

۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

سید وحید حسن کا استعفا بمنشاء حکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم منظور ہوا۔

اضافہ

یکم اگست سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس بسلسلہ فوتی سید سجاد حسین سب انسپکٹر سے سید عترت حسین مشاہرہ دار آٹھ روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ ہو کر دس روپیہ ماہوار کا ہیڈ کانسٹبل مقرر کیا گیا۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش مفتی صاحب دیوانی رخصت دو ہفتہ شیو سہائے نائب محافظ دفتر دیوانی بوجہ علالت منظور کی گئی۔ ایام رخصت میں محافظ دفتر دیوانی بجائے شخص کسی محافظ خانہ کے اہلکار سے کام لینگے۔

رخصت

۳۰ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب مجسٹریٹ پرگنہ حضور تحصیل رخصت مزید ایکماہ مرزا مشتاد علی محرر جوڈیشل حضور تحصیل بوضع تنخواہ یکم اگست سنہ ۱۹۱۹ء سے منظور کی گئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۲۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

بملاحظہ تحریر مہتمم صاحب خاصہ رخصت مزید پندرہ یوم سید امیر حیدر منصرم گاؤ خانہ بوضع تنخواہ بکارگذاری فیروز شاہ خان کارندہ مواضعات محلات متعلقہ منظور کی گئی۔

رخصت

۲۱ر جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص رخصت دو ہفتہ سید محمد خوشنویس کتب خانہ بموجب سارٹیفکٹ ڈاکٹری منظور کی گئی۔